# متوجہ ہوں
# ملبوسات کی صنعت کے ملازمین

WE ARE YOUR DOL

NEW YORK STATE | Department of Labor

کم از کم اجرت فی گھنٹہ کی شرح مؤثر 2024/1/1 - 2024/31/12

## نیویارک شہر

| بڑے آجر (11 یا زائد ملازمین) | چھوٹے آجر (10 یا کم ملازمین) |
|---|---|
| کم از کم اجرت **$16.00** | کم از کم اجرت **$16.00** |
| 40 گھنٹے کے بعد کا اوور ٹائم $24.00 | 40 گھنٹے کے بعد کا اوور ٹائم $24.00 |

## لاگن آئی لینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی

کم از کم اجرت **$16.00**

40 گھنٹے کے بعد کا اوور ٹائم $24.00

## باقی از نیویارک ریاست

کم از کم اجرت **$15.00**

40 گھنٹے کے بعد کا اوور ٹائم $22.50

اگر آپ کے سوالات ہوں، مزید معلومات کی ضرورت ہو یا شکایت درج کروانا چاہتے ہوں، تو براہ کرم:

فون سے: 9000-457 (518) | NYSDOL -4 (888) (7365-469-888) | 711 TTY/TDD

**کریڈٹس اور وظیفے** جو اوپر دکھائے گئے کم از کم اجرت کی شرح سے آپ کی تنخواہ کو کم کر سکتے ہیں

- **کھانا اور رہائش** – آپ کا آجر آپ کے کھانے اور رہائش کے لیے آپ کی اجرت کی ایک محدود رقم کا دعویٰ کر سکتا ہے، جب تک کہ وہ آپ سے کوئی اور چیز وصول نہ کریں۔ شرحیں اور تقاضے اجرت کے آرڈرز اور خلاصوں میں بیان کیے گئے ہیں، جو آن لائن دستیاب ہیں۔

**دوسرے اصول** جن پر آپ کے آجر کو عمل کرنا لازمی ہے:

- **حفاظت** - آپ کے آجر کو مقامی، ریاستی اور وفاقی حفاظت اور صحت کے قوانین اور فائر کوڈز کی تعمیل کرنی ہوگی۔ کام کے اوقات کے دوران فائر ایگزٹ کو ان لاک اور آسانی سے نکلنے والا رہنا ضروری ہے۔
- **ہوم ورک** - گھر پر کام کرنے کے لیے فیکٹری سے کوئی کام نہیں لیا جانا چاہیے۔ کوئی کام براہ راست گھریلو ملازمین میں تقسیم نہیں کیا جانا ہے۔
- **رجسٹریشن** - آپ کے آجر کا محکمہ محنت کے ساتھ رجسٹر ہونا ضروری ہے۔ انہیں اپنا سالانہ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ پوسٹ کرنا چاہیے جہاں آپ اسے دیکھ سکتے ہیں۔

**اضافی ادائیگی** اوپر دکھائے گئے کم از کم اجرت کی شرحوں کے علاوہ آپ پر واجب الادا ہو سکتی ہے:

- **اوور ٹائم** – آپ کو 40 سے زیادہ کے ہفتہ وار گھنٹوں (یا رہائشی ملازمین کے لیے 44) کے لیے آپ کی تنخواہ کی باقاعدہ شرح سے 1½ گنا (اوپر دکھائی گئی اوور ٹائم کی رقم سے کم نہیں) ادا کرنا لازمی ہے۔

  مستثنیات: تنخواہ دار پیشہ ور افراد، یا ان ایگزیکٹوز اور انتظامی عملے کو جن کی ہفتہ وار تنخواہ کم از کم اجرت کی شرح سے 75 گنا زیادہ ہے اوور ٹائم کی ضرورت نہیں ہے۔
- **کال-ان پے** - اگر آپ شیڈیول کے مطابق کام پر جاتے ہیں اور آپ کا آجر آپ کو جلدی گھر بھیجتا ہے، تو آپ اس دن کے لیے کم از کم اجرت کی شرح پر اضافی گھنٹوں کی تنخواہ کے حقدار ہو سکتے ہیں۔
- **گھنٹوں میں اضافہ** – اگر آپ کا کام کا دن دس گھنٹے سے زیادہ رہتا ہے، تو آپ اضافی یومیہ تنخواہ کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ روزانہ کی شرح کم از کم اجرت کی شرح پر تنخواہ کے ایک گھنٹے کے برابر ہے۔
- **یونیفارم کی دیکھ بھال** – اگر آپ اپنی یونیفارم خود صاف کرتے ہیں، تو آپ اضافی ہفتہ وار تنخواہ کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ ہفتہ وار شرحیں آن لائن دستیاب ہیں۔